**02/04/2025**

**09.25 AM**

**Signature Tune**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ شبیر الزماں سے خبریں سُنئے**

**وقف بل**

**لوک سبھا میں آج وقف ترمیمی بل2024 پیش کیا جائے گا تاکہ منظوری کےلئے اس پر بحث کی جائے۔**

**پارلیمنٹ ہاوس کے باہر نامہ نگاروں سے بات کر تے ہوئے پارلیمانی امور کے وزیر کرن رججو نے کہا کہ بحث کے لئے مقررہ وقت میں ضرورت پڑنے پر توسیع بھی کی جا سکتی ہے۔**

**------**

**اس دوران امور صارفین کے مرکزی وزیر پرہلاد جو شی نے وضاحت کی ہے کہ وقف ترمیمی بل کامقصد کسی بھی جائیداد کو ضبط کرنا نہیں// بلکہ انصاف کو یقینی بنانا ہے۔**

**LG**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے راج بھون جموں میں اُڑیشہ ڈے کی تقریب میں شرکت کی۔" اُٹکالہ دِباسہ" کے موضوع سے منعقدہ اس تقریب میں جمونو کشمیر میں موجود اُڑیشہ کے با شندوں کے علاوہ کچھ عہدیداروناور کئی سکولوں سے تعلق رکھنے والے طالب علموں اور عملے نے شرکت کی۔**

**اس دوران لیفٹنٹ گورنر نے کٹرہ میں شری ماتا ویشنو دیوی جی کے استھا پن میں حاضری دیکر جمونو کشمیر اور عوام کی خوشحالی کےلئے پرارتھنا کی۔**

**وزیر اعلیٰ**

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے خواتین کو با اختیار بنائے جانے کی سمت میں اپنی حکومت کے پہلے اقدام کے طور پر خواتین طبقے کےلئے مفت بس سروس کا آغاز کیا ہے۔ اس سلسلے میں انہوں نے سرینگر کے شیر کشمیر انٹرنیشنل کنونشن سینٹر میں منعقدہ ایک تقریب پر مفت بس سروس کو ہری جھنڈی دکھائی۔

وزیر اعلیٰ یاددہانی کرائی کی کہ انہوں نے رواں بجٹ اجلاس میں اس بات کا اعلان کیا تھا کہ یکم اپریل سے خواتین کےلئے روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن اور سمارٹ سٹی کی بسونمیں مفت سفر کرنے کی سہولت دی جائے گی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس اقدام سے خواتین کا ایک جگہ سے دوسری جگہ آنا جانا نہایت آسان بنے گا۔

عوامی حلقوں خاص طور پر خواتین طبقے نے اس اقدام کا وسیع پیمانے پر خیر مقدم کیا ہے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کہا ہے کہ تجارت میں آسانی پیدا کرنے کی خاطر یوٹی بھر میں سبھی متعلقہ محکموں کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اس مقصد کےلئے تعمیل کے بوجھ کو کم کرنے سے ایک ایسا مناسب ماحول پیدا کرے جس سے نہ صرف شہریوں کےلئے بروقت خدمات دستیاب رہیں گی بلکہ زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاری کو بھی راغب کیا جا سکے۔

جمونمیں اعلیٰ افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران چیف سیکریٹری نے تمام متعلقین کو ہدایت دی کہ وہ ریکارڈوں کی ڈیجیٹائزیشن ، لینڈ بنک کے قیام اور ضروری قواعد و ضوابط مرتب کرنے کےلئے مشن موڈ پر کام کریں۔

ٹولپ گارڈن

سرینگر کے مشہور باغ گل لالہ میں موسم بہار کے ان ایام کے دوران مقامی، ملکی اور غیر ملکی سیلانیوں کا کا فی رش دیکھا جارہا ہے۔ رواں سیزن میں عوام کےلئے کھولے جانے کے بعد کل شام تک مجموعی طور پر ایک لاکھ56ہزار211سیاح اس باغ کی سیر کر چکے ہیں۔

صرف کل ہی 44ہزار646 لوگوں نے ٹولپ گارڈن کا رُخ کیا اور یہ گذشتہ7روز میں سب سے بڑی تعداد ہے۔

ہانگلو

کشمیر وادی کے ایک معروف مورخ اور قلمکار پروفیسر رتن لال ہانگلو کو ٹورنٹو کنیڈا کی نوبل انٹرنیشنل یونیورسٹی نے بھارت کےلئے کلیدی نمائندے کی حیثیت سے تعینات کیا ہے۔

پروفیسر ہانگلو قریب40برس تک سینٹرل یونیورسٹی حیدر آباد میں اپنی خدمات انجام دے چکے ہیں ، جس دوران انکی نگرانی میں متعدد سکالروں نے اپنی پی ایچ ڈی کی ڈگریاں حاصل کیں۔ اسکے علاوہ پروفیسر ہانگلو مغربی بنگال کی کلیانی یونیورسٹی اور الہ آباد یونیورسٹی میں وائس چانسلر بھی رہے ہیں۔

وہ کوکرناگ کے برینگ علاقے سے تعلق رکھتے ہیں اور انہوں نے اپنی پوری ابتدائی تعلیم کشمیر سے ہی حاصل کی ہے۔

پولیس

جمونو کشمیر پولیس نے عید کے موقعے پر اُن کنبوں کو عید کے تحائف پیش کئے ہیں ، جن شہید جوانوں نے گذشتہ 35 برس کے دوران اپنے جانوں کی قربانیاں دی ہیں۔ اس سلسلے میں اننت ناگ پولیس کے سینئرافسروں اور اہلکاروں نے ایسے عیالوں کے گھر جاکر انہیں مٹھائیاں اور دیگر تحائف پیش کئے۔

دریں اثناءسوپور پولیس نے بے ہنگم رفتار کے ساتھ ڈرائیونگ کرنے والے10دوپہیوں کو سیز کیا ہے۔

سوپور پولیس نے ہی چھجہامہ رفیع آباد کے معراج الدین میر نامی ایک منشیات سمگلر کو گرفتا رکیا ہے، جس کے قبضے سے نشیلی اشیاءکی کچھ مقدار اور کچھ نقدی بر آمد کر لی گئی ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 6اعشاریہ5ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت16اعشاریہ 3ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

..........................................